نیوز ریلیز

ذیابیطس میں مبتلا البرٹنز کے علاج معالجے میں بہتری لانا

16 دسمبر، 2024ء میڈیا انکوائریز

البرٹا کی حکومت مسلسل گلوکوز مانیٹرز (سی جی ایمز) تک رسائی کو بڑھا رہی ہے، جو البرٹنز کیلئے اپنی ذیابیطس کی نگرانی اور اس پر قابو پانے کو آسان بناتا ہے۔

البرٹا کی حکومت میڈیکل ٹیکنالوجی تک رسائی کو بہتر بنانے کا عزم رکھتی ہے جو البرٹا میں رہنے والوں کو اپنی صحتوں کا بہتر طور پر خیال رکھنے میں مدد دیتی ہے۔ اس وقت تقریباً 1.3 ملین البرٹنز ذیابیطس اور ذیابیطس سے پہلے والی صورتِ حال کے ساتھ زندگی بسر کر رہے ہیں، اور یہ تعداد 2034ء تک بڑھ کر 1.7 ملین ہو جانے کی توقع ہے، صحت کی جدید ٹیکنالوجیز تک رسائی کو بڑھانا اب پہلے سے بھی کہیں زیادہ ضروری ہے۔

صحت کی ٹیکنالوجی کے جائزے کے بعد جس نے یہ طے کیا کہ لوگ اس ٹیکنالوجی سے سب سے زیادہ فائدہ اٹھائیں گے، وہ 18 سال سے کم عمر کے بچوں کیلئے سی جی ایم کی کوریج تھی جو فروری 2022ء میں شروع ہوئی۔ اسی کامیابی کی بنیاد پر، البرٹا اب سی جی ایم کوریج کو اہلیت والے بالغوں تک بڑھا رہا ہے۔

"کسی فرد کیلئے ذیابیطس پر قابو پانا انتہائی دباؤ والا کام ہو سکتا ہے۔ زیادہ البرٹنز کیلئے ان مانیٹرز تک رسائی کو بڑھانا ان کی زندگیاں مزید آسان بنا دے گا اور ذیابیطس میں مبتلا لوگوں پر سے بوجھ کو کم کر دے گا۔"

ایڈری آنا لاگرینج (Adriana LaGrange)، وزیرِ صحت

مسلسل گلوکوز مانیٹرز کیلئے کوریج کو پھیلانا حکومت کے اس عزم کا ایک ضروری حصہ ہے جو اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ البرٹنز اس میڈیکل ٹیکنالوجی تک رسائی حاصل کر سکیں جس کی انہیں ضرورت ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ البرٹنز جو ذیابیطس میں مبتلا ہیں اور انہیں انسولین کے مخصوص علاج کی ضرورت ہوتی ہے، ان کا البرٹا حکومت کے زیرِ انتظام ہیلتھ بینیفٹس پلان میں اندراج موجود ہے، اور وہ اس اہم ٹیکنالوجی تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

یہ پھیلاؤ ذیابیطس ورکنگ گروپ کی ایک اہم تجویز کو پورا کرتا ہے، جس نے البرٹا کی حکومت کو البرٹا کے ذیابیطس کے علاج کے راستے کو بہتر بنانے کے بارے میں مشورہ فراہم کیا۔

البرٹنز جو مسلسل گلوکوز مانیٹر کیلئے فنڈنگ وصول کرتے ہیں ان کیلئے خون میں گلوکوز ٹیسٹ اسٹرپس کے کبھی کبھار کے استعمال کیلئے بلڈ گلوکوز ٹیسٹ اسٹرپس کی حدیں مقرر کر دی جائیں گی۔ البرٹنز جو مسلسل گلوکوز مانیٹرز کیلئے فنڈنگ وصول نہیں کرتے ان کیلئے خون میں گلوکوز ٹیسٹ اسٹرپس کی وہی حدیں برقرار رہیں گی۔

یہ پھیلاؤ البرٹا کیلئے ایک ضروری اگلا قدم ہے، جو ذیابیطس میں مبتلا ہزاروں البرٹنز کے معیارِ زندگی کو بہتر بنا رہا ہے۔ مسلسل گلوکوز مانیٹرز کو زیادہ قابلِ رسائی بنا کر، حکومت نہ صرف بہتر صحت کے نتائج میں اضافہ کر رہی ہے بلکہ اس دائمی کیفیت پر قابو پانے کے لئے پیدا ہونے والے روزمرہ کے ذہنی دباؤ اور بوجھ کو بھی کم کر رہی ہے۔

نیوز ریلیز

فوری حقائق

- 18 سال اور اس سے زائد عمر کے تقریباً 23,500 البرٹنز اب مسلسل گلوکوز مانیٹرز کوریج کے اہل ہوں گے۔
- مسلسل گلوکوز مانیٹر ایک ایسا آلہ ہے جو ہر چند منٹوں میں کسی فرد کے خون میں شکر کی سطح کو پڑھتا اور ان معلومات کو اسمارٹ فون پر بھیجتا ہے۔ اگر ضرورت ہو تو، پھر وہ فرد اپنے خون میں شکر کی سطح کو بڑھانے یا کم کرنے کیلئے مناسب اقدامات کر سکتا ہے۔
- صحت کی نگہداشت کو بہتر بنانے کیلئے کینیڈا البرٹا ایگریمینٹ کے ذریعے اس منصوبے کے پہلے دو سالوں کیلئے فنڈنگ فراہم کی جاتی ہے۔

متعلقہ خبریں

- البرٹا کے ذیابیطس میں مبتلا بچوں کیلئے مزید مدد (3 فروری، 2022ء)

میڈیا انکوائریز

جیسی ریمپٹن (Jessi Rampton)

587-357-3729
پریس سیکریٹری، ہیلتھ

Classification: Public